لاہور/اوکاڑہ/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

روزنامہ نئی بات کراچی

Daily Nai Baat

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن

اسٹریٹ کرائمز کے خلاف آئی جی سندھ کا اعلان جنگ

کریک ڈاؤن کامیاب بنائیں، کلیم امام کی پولیس افسران کو ہدایت

اینٹی کار لفٹنگ سیل کا نام تبدیل کرکے اینٹی وہیکلر کرائم یونٹ رکھ دیا، اسٹریٹ کرمنلز، اوران کے سرپرستوں کو گرفتار کیا جائے، موٹر سائیکل/کاروں کی لفٹنگ کی ایف آئی آرز نا صرف اندج کریں بلکہ امدنی والے گھروں کے ایڈریس پر ارسال بھی کی جائیں سی پی او میں اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی زیر صدارت کراچی میں امن وامان کی صورتحال اور اسٹریٹ کرائم کے حوالے سے سینئرل پولیس آفس کراچی میں اہم اجلاس ہوا جس میں پولیس کے مجموعی امور و لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے مزید ضروری احکامات دیئے اور فیصلے کیئے گئے۔ اس موقع پر قائم مقام ایڈیشنل آئی جی کراچی ڈاکٹر امین یوسف زئی نے شہر میں اسٹریٹ کرائمز بشمول ڈکیتی رہزنی سمیت قتل ودیگر جرائم کیخلاف پولیس کی اندرای حکمت عملی اور لائحہ عمل پر خصوصی حوالوں سے تفصیلی بریفنگ دی۔ آئی جی سندھ نے اینٹی کار لفٹنگ سیل کا نام باقاعدہ تبدیل کرکے اینٹی وہیکلر کرائم یونٹ رکھتے ہوئے اسکی مجموعی افرادی قوت میں مزید اضافہ بھی کردیا۔ انہوں نے اسٹریٹ کرائمز/اسٹریٹ کریمنلز کے خلاف جنگ کا اعلان کرتے ہوئے علیحدہ سے قائم اینٹی موٹر سائیکل کرائم اسکواڈ اور اینٹی اسٹریٹ کرائمز سیل کو ہدایات دیں کہ کرائم انالیسز کے تحت اسٹریٹ کرائمز سے اکثریت میں متاثرہ علاقوں میں بالخصوص مصروف اوقات میں ناصرف پیٹرولنگ، پکٹنگ بلکہ انٹیلی جنس بیسڈ پولیس ایکشن/کاروائیوں کو بھی یقینی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ نے دشمن ملوں کی سازشوں کو ناکام بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ باب الاسلام اور صوفیوں، بزرگوں اور اولیائے اللہ کی سرزمین ہے جنہوں نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت اور اللہ سے جڑنے کا درس دیا ہے یہی وجہ ہے کہ آج کروڑوں لوگ ان درباروں کے ساتھ وابستہ ہیں۔ جماعت اسلامی کو چاہیے کہ وہ معاشرے کے عام افراد کی طرح ان کروڑوں لوگوں تک بھی اپنی دعوت و پیغام پہنچائے۔ جماعت اسلامی سندھ کے امیر محمد حسین محنتی نے کہا کہ جماعت اسلامی اتحاد امت کی داعی اور ملک کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے، جماعت اسلامی اس وقت ایک طرف مہنگائی اور ظلم وناانصافیوں کے ماری عوام کے حقوق کے لیے میدان عمل میں تو دوسری طرف اسلام کے غلبہ کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔

علامہ عباس کمیلی کے ایصال ثواب کیلئے مجلس ترحیم وتعزیتی اجتماع

کراچی (پ ر) سلمان فارسی ٹرسٹ کے زیر اہتمام معروف عالم دین علامہ عباس کمیلی کے بلندی درجات کیلئے قرآن خوانی ومجلس ترحیم وتعزیتی جلسہ ہفتہ 6 جولائی کو بعد نماز مغربین جعفر طیار سوسائٹی ملیر میں ہوگا جس سے مولانا محمد عون نقوی، علامہ باقر زیدی، علامہ فرقان حیدر عابدی، علامہ نثار احمد قلندری، شبر رضا اور دیگر خطاب کرینگے مومنین سے پابندی وقت کے ساتھ شرکت کی استدعا ہے۔

سندھ حکومت نے چنگچی رکشہ مالکان کو رجسٹریشن کروانے کیلئے 15 دن کی مہلت دے دی

کراچی (نامہ نگار خصوصی) سندھ حکومت نے چنگچی رکشہ مالکان کو رجسٹریشن کروانے کے لیے 15 دن کی مہلت دے دی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ نے کہا کہ سپریم کورٹ کا حکم ہے کہ چنگچی رکشہ رجسٹرڈ کروائیں، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، شکارپور، گھوٹکی، قمبر شہداد کوٹ، کشمور کندھکوٹ، نوابشاہ سمیت دیگر شہروں کے مالکان اپنے چنگچی رکشہ رجسٹریشن کروائیں۔ اویس شاہ نے کہا کہ 15 دن تک جس نے بھی چنگچی رکشہ رجسٹرڈ نہیں کروایا، اس کہ خلاف قانونی کارروائی ہوگی، چنگچی رکشہ والے 15 دن کے اندر روڈ پرمٹ، فٹنس لیں، کراچی میں چلنے والے 6 سیٹر چنگچی رکشہ بھی روٹ پرمٹ لیں، روٹ پرمٹ نہ لینے کی صورت میں گاڑی ضبط ہوگی۔ وزیر ٹرانسپورٹ سندھ اویس شاہ نے وفاقی حکومت کی جانب سے گرین لائن منصوبہ تحویل میں لینے پر ردعمل میں کہا کہ گرین لائن منصوبہ وفاق نے بنانا ہے اور سندھ نے چلانا ہے، ہم بسیں بھی چلائیں گے۔

عباسی شہید اسپتال سے نومولود بچہ اغوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں نومولود بچے اغوا کارگروہ کا آسان ہدف بن گئے، عباسی شہید اسپتال میں نومولود اغوا ہوگیا، رواں سال 31 بچے اغوا اور لاپتہ ہوچکے ہیں۔ سرکاری اسپتال میں نومولود کے اغوا کی ایک اور واردات سامنے آگئی، عباسی شہید اسپتال سے گزشتہ روز ایک نومولود بچہ اغوا ہوگیا، انتظامیہ، پیرا میڈیکل اور سیکورٹی اسٹاف کی بھی دوڑیں لگ گئیں۔ کورنگی کی رہائشی صائمہ بچے کو چیک اپ کیلئے اسپتال لائی، خاتون کو اکیلا پاکر گروہ کے کارندے آئے اور بچے کی تعریف شروع کردی۔ ملزمان نے بچے کو گود میں اٹھایا، گھمایا، پھرایا اور اچانک رفو چکر ہوگئے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں گروہ کی خواتین بھی واضح دکھائی دے رہی ہیں۔

آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی غلامی قبول نہیں کریں گے، شہزاد ناتھا

آٹا، دالیں، چینی اور دیگر اشیائے خورد ونوش سمیت بجلی، گیس کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں، پی پی رہنما

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما وممبر سندھ کونسل شہزاد ناتھا نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی غلامی قبول نہیں کریں گے، عمران خان اس وقت آئی ایم ایف کے منشی بنے ہوئے ہیں، عوام آج جن مسائل کا شکار ہیں اس کی وجہ موجودہ حکومت اور اس کی ناقص پالیسیاں ہیں، تحریک انصاف کی حکومت نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ گرادیئے ہیں، آٹا، دالیں، چینی اور دیگر اشیائے خورد ونوش سمیت بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں، پٹرول مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ ہوگیا ہے، غریب کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں کارکنان سے ملاقات کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے اور بلاول بھٹو اس ملک کے وزیراعظم ہونگے، آج تبدیلی سرکار نے بے جا ٹیکسوں کی بھرمار کرکے جہاں ایک ریڈھی والے کو پریشان کررکھا ہے وہاں اس ملک کے صنعت کار بھی سرپکڑ کر بیٹھے ہیں، کیونکہ ان کی فیکٹریاں اور کارخانے بند ہوچکے ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت ایک جانب آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے مہنگائی کو بڑھا رہی ہے تو دوسری جانب کاروبار کو تباہ کررہی ہے جس سے بیروزگاری بڑھ رہی ہے، مہنگائی اور بیروزگاری نے عوام کو خودکشیاں کرنے پر مجبور کردیا ہے، غریب لوگ اپنی اولادوں کو بیچ رہے ہیں، ریاست مدینہ کی طرز پر ریاست بنانے کا دعویٰ کرنے والوں نے عوام کو اس حال تک پہنچادیا ہے کہ وہ اپنے بچے بیچنے پر مجبور ہوگئے ہیں، انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کے دلوں میں اس وقت خوف خدا نہیں ہے وہ اقتدار کے نشے میں دھت ہیں اور مسلسل سیاسی حریفوں کو نشانہ بنانے اور انتقام کی آگ میں جل رہے اور وہ یہ بھی بھول گئے ہیں کہ حکومت کی پہلی ذمہ داری عوام کو ریلیف دینا ہوتی ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت کو تاریخ میں ایسی حکومت کے نام پر یاد رکھا جائے گا۔



پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وسندھ کونسل کے ممبر شہزاد ناتھا کا پی پی کارکنوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

عمرہ نامہ!.....نویں قسط

(گزشتہ سے پیوستہ).....

گزشتہ کالم کے اختتام پر میں نے پی ٹی آئی کے رہنما بابر اعوان کا ذکر کیا تھا، وہ اُن دِنوں پیپلز پارٹی کے وزیر قانون تھے، مجھے نہیں معلوم پیپلز پارٹی اپنے ایک محنتی اور محبتی رہنما سے محروم کیوں ہوگئی؟ نہ ایک ذاتی تعلق ہونے کے باوجود جناب بابر اعوان سے میں نے اِس کی تفصیلات کبھی پوچھیں، اُن کے ساتھ میرا محبت کا

دمائی مسائل میں مبتلا کردیتا ہے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے

زرداری کی سوچ اور فکر کا کوئی مدمقابل نہیں کیونکہ ہماری

ہی تھا، وفد کے تمام اراکین کو اُن کے کمرے الاٹ کردیئے گئے، میں اپنی ''روم کی'' لے کر کمرے میں گیا، سامان وغیرہ وہاں رکھ کر وضو کرکے ہوٹل کی لابی میں پہنچا سامنے بابر اعوان کھڑے تھے، انہوں نے حال احوال پوچھا، میں نے اُنہیں ایم این اے صاحب کے خراٹوں بارے بتایا وہ بڑے محظوظ ہوئے۔ میں نے اُن سے اگلے پروگرام کی تفصیل پوچھی، اُنہوں نے بتایا

علامہ فریدی کل نماز جمعہ جامع مسجد رحمانیہ میں پڑھائینگے، اعلامیہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شبان غرباء اہلحدیث پاکستان کے ناظم اعلیٰ و پاکستان اہلحدیث اتحاد کونسل سندھ کے صدر علامہ عبدالخالق فریدی کل (جمعہ 5 جولائی نما جمعہ جامع مسجد رحمانیہ اہلحدیث لیاقت آباد 4 نمبر میں پڑھائیں گے اور خطبہ جمعہ پاکستان کا معاشی نظام اور اسلامی اصول کے موضوع پر ارشاد فرمائیں گے اعلامیہ کے مطابق خطبہ جمعہ ٹھیک ایک بجے شروع ہوگا۔

جماعت اسلامی سندھ کے رہنما زاہد حسین راجپر کی والدہ انتقال کرگئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی سندھ کے شعبہ تنظیم کے معاون زاہد حسین راجپر کی والدہ ماجدہ کراچی میں انتقال کرگئیں، وہ کچھ عرصہ سے علیل تھیں، مرحومہ کی نماز جنازہ ودفین سٹھارجہ ضلع خیرپور کے آبائی گاؤں میں ادا کی جائے گی، دریں اثنا جماعت اسلامی سندھ کے امیر محمد حسین محنتی، قیم کاشف سعید شیخ، حافظ نصراللہ عزیز سمیت دیگر صوبائی ذمہ داران وکارکنان نے زاہد حسین سے والدہ کی وفات پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان ولواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

جماعت اسلامی سندھ کے تحت دوروزہ تربیت گاہ 13 اور 14 جولائی کو ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی سندھ کے تحت دو روزہ تربیت گاہ برائے امیدواران رکنیت 13 اور 14 جولائی کو قباء آڈیٹوریم میں منعقد ہوگی صوبائی اعلامیہ کے مطابق تربیت گاہ پہلے روز صبح 11 بجے شروع اور دوسرے روز بعد عصر اختتام پذیر ہوگی کراچی تا کشمور سندھ بھر سے امیدواران رکنیت شرکت کریں گے۔ تربیت گاہ سے مرکزی نائب امراء اسداللہ بھٹو، راشد نسیم، ڈاکٹر معراج الہدیٰ صدیقی، صوبائی امیر محمد حسین محنتی، نائب امیر نظام الدین میمن، اظہار الحق امیر کراچی حافظ نعیم الرحمٰن، سید شاہد ہاشمی و دیگر دانشور علماء کرام خطاب کریں گے۔

عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

عوامی اعلان برائے واپس خریداری حصص

بمطابق شیڈول II/ریگولیشن 4(4)(b) اور 10(b) آف لسٹڈ کمپنیز (بائی بیک آف شیئرز) ریگولیشنز 2019

معلومات	تفصیلات
خریدار کمپنی کا نام اور رجسٹرڈ آفس کا پتہ	عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
خریداری کا مقصد	حصص کی تنسیخ
خریداری کا طریقہ کار	بذریعہ ٹینڈر آفر
متوقع (زیادہ سے زیادہ) حصص کی تعداد جو کہ خریدی جائے گی (واپس خریداری)	کمپنی کے جاری کردہ 45,375,000 عمومی حصص جن کی ادا شدہ/عرفی قدر -/10 روپے (دس پاکستانی روپے) فی حصص ہے
	کمپنی کے کل ادا شدہ حصص کا 10 فیصد (یعنی 45,375,000 x 10% = 453,750,000 حصص)
خریداری کی تاریخ کا آغاز یعنی خریداری کے آغاز کی موثر تاریخ	منگل، 9 جولائی 2019
خریداری کی مدت کا عرصہ	30 دن، جس کا آغاز منگل 9 جولائی 2019 سے ہوگا اور اختتام بدھ 7 اگست 2019 کو ہوگا (دونوں دن شامل ہونگے)
سیکورٹیز ایکسچینج کا نام	خریداری کا طریقہ کار ٹینڈر آفر ہے لہٰذا واپس خریداری سیکیورٹیز ایکسچینج کے ذریعے نہیں کی جائے گی۔ تاہم، صرف معلومات کے لئے بتایا جاتا ہے کہ عارف حبیب کارپوریشن پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہے۔
واپس خریداری کی قیمت	-/27 روپے (پاکستانی روپے ستائیس صرف)
خریدار کمپنی کا نامزد CDC اکاؤنٹ جس میں خواہشمند حصص یافتگان اپنے حصص کی ٹینڈر/کریڈٹ کرسکتے ہیں	ٹائٹل ''عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ - بائی بیک آف شیئرز'' IAS اکاؤنٹ نمبر "03277-103253"

	خریدار کمپنی کا تقرر کردہ مجاز آفیسر	معلومات/شکایات کے لیے کمپنی کا رابطہ فرد
نام	محسن مدنی	منظور رضا
فون نمبر	021-32467458	021-32467456
فیکس نمبر	021-32429653 ; 021-32468117	021-32429653 ; 021-32468117
ڈاک کا پتا	عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی	عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ای میل ایڈریس	mohsin.madni@arifhabibcorp.com	manzoor.raza@arifhabibcorp.com

یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ جو افراد بھی خریدار کمپنی کے توثیق شدہ (درست) حصص رکھتے ہوں وہ اس خریداری میں شرکت کے اہل ہونگے اگرچہ کہ ان کا نام خریدار کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں نہ ہو۔ براہِ کرم نوٹ کریں کہ خریداری کے لیے کاغذی حصص کی شکل میں فروخت کے لیے ٹینڈر کردہ حصص کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ مزید برآں، فی سی ڈی ایس اکاؤنٹ فولیو صرف ایک درخواست قبول کی جائے گی۔

بحکم بورڈ

منظور رضا

کمپنی سیکریٹری

کراچی، 4 جولائی 2019

عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

عوامی اعلان برائے واپس خریداری حصص

بمطابق شیڈول II/ریگولیشن 4(4)(b) اور 10(b) آف لسٹڈ کمپنیز (بائی بیک آف شیئرز) ریگولیشنز 2019

معلومات	تفصیلات
خریدار کمپنی کا نام اور رجسٹرڈ آفس کا پتہ	عارف حبیب لمیٹڈ، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
خریداری کا مقصد	حصص کی تنسیخ
خریداری کا طریقہ کار	بذریعہ ٹینڈر آفر
متوقع (زیادہ سے زیادہ) حصص کی تعداد جو کہ خریدی جائے گی (واپس خریداری)	کمپنی کے جاری کردہ 6,600,000 عمومی حصص جن کی ادا شدہ/عرفی قدر -/10 روپے (دس پاکستانی روپے) فی حصص ہے
	کمپنی کے کل ادا شدہ حصص کا 10 فیصد (یعنی 6,600,000 x 10% = 66,000,000 حصص)
خریداری کی تاریخ کا آغاز یعنی خریداری کے آغاز کی موثر تاریخ	منگل، 9 جولائی 2019
خریداری کی مدت کا عرصہ	30 دن، جس کا آغاز منگل 9 جولائی 2019 سے ہوگا اور اختتام بدھ 7 اگست 2019 کو ہوگا (دونوں دن شامل ہونگے)
سیکورٹیز ایکسچینج کا نام	خریداری کا طریقہ کار ٹینڈر آفر ہے لہٰذا واپس خریداری سیکیورٹیز ایکسچینج کے ذریعے نہیں کی جائے گی۔ تاہم، صرف معلومات کے لئے بتایا جاتا ہے کہ عارف حبیب لمیٹڈ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہے۔
واپس خریداری کی قیمت	-/35 روپے (پاکستانی روپے پینتیس صرف)
خریدار کمپنی کا نامزد CDC اکاؤنٹ جس میں خواہشمند حصص یافتگان اپنے حصص کی ٹینڈر/کریڈٹ کرسکتے ہیں	ٹائٹل ''عارف حبیب لمیٹڈ - بائی بیک آف شیئرز'' IAS اکاؤنٹ نمبر "03277-103252"

	خریدار کمپنی کا تقرر کردہ مجاز آفیسر	معلومات/شکایات کے لیے کمپنی کا رابطہ فرد
نام	محمد طٰہٰ صدیقی	محمد احمد صادق
فون نمبر	021-32468275	021-32473266
فیکس نمبر	021-32429653 ; 021-32468117	021-32429653 ; 021-32468117
ڈاک کا پتا	عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی	عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ای میل ایڈریس	taha.siddqui@arifhabibltd.com	ahmedsadiq@arifhabibltd.com

یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ جو افراد بھی خریدار کمپنی کے توثیق شدہ (درست) حصص رکھتے ہوں وہ اس خریداری میں شرکت کے اہل ہونگے اگرچہ کہ ان کا نام خریدار کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں نہ ہو۔ براہِ کرم نوٹ کریں کہ خریداری کے لیے کاغذی حصص کی شکل میں فروخت کے لیے ٹینڈر کردہ حصص کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ مزید برآں، فی سی ڈی ایس اکاؤنٹ فولیو صرف ایک درخواست قبول کی جائے گی۔

بحکم بورڈ

محمد طٰہٰ صدیقی

کمپنی سیکریٹری

کراچی، 4 جولائی 2019

عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی